صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 19 جون 2014 بمطابق 20 شعبان 1435 ہجری صبح گیارہ بجکر دس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ ٱلشَّیۡطَـٰنِ ٱلرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ ٱللّٰہِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔

وَقَالَ ٱلۡمَلِكُ ٱئۡتُونِی بِهِۦۤ أَسۡتَخۡلِصۡهُ لِنَفۡسِی ۖ فَلَمَّا كَلَّمَهُۥ قَالَ إِنَّكَ ٱلۡیَوۡمَ لَدَیۡنَا مَكِینٌ أَمِینٌO قَالَ ٱجۡعَلۡنِی عَلَىٰ خَزَآئِنِ ٱلۡأَرۡضِ ۖ إِنِّی حَفِیظٌ عَلِیمٌO وَكَذَٰلِكَ مَكَّنَّا لِیُوسُفَ فِی ٱلۡأَرۡضِ یَتَبَوَّأُ مِنۡهَا حَیۡثُ یَشَآءُ ۚ نُصِیبُ بِرَحۡمَتِنَا مَن نَّشَآءُ ۖ وَلَا نُضِیعُ أَجۡرَ ٱلۡمُحۡسِنِینَO وَلَأَجۡرُ ٱلۡأَخِرَةِ خَیۡرٌ لِّلَّذِینَ ءَامَنُواْ وَكَانُواْ یَتَّقُونَ۔

(ترجمہ): بادشاہ نے حکم دیا کہ اسے میرے پاس لاؤ میں اسے اپنا مصاحب خاص بناؤں گا۔ پھر جب ان سے گفتگو کی تو کہا کہ آج سے تم ہمارے ہاں صاحب منزلت اور صاحبِ اعتبار ہو۔(یوسف نے) کہا مجھے اس ملک کے خزانوں پر مقرر کر دیجیئے کیونکہ میں حفاظت بھی کر سکتا ہوں اور اس کام سے واقف ہوں۔ اس طرح ہم نے یوسف کو ملک (مصر) میں جگہ دی اور وہ اس ملک میں جہاں چاہتے تھے رہتے تھے۔ ہم اپنی رحمت جس پر چاہتے ہیں کرتے ہیں اور نیکو کاروں کے اجر کو ضائع نہیں کرتے۔اور جو لوگ ایمان لائے اور ڈرتے رہے ان کے لیے آخرت کا اجر بہت بہتر ہے۔ وآخِرُالدَّعۡوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِینَ۔

سالانہ بجٹ برائے مالی سال 2014-15 پر عمومی بحث

جناب سپیکر: جزاک اللہ۔مفتی صاحب، تا نہ مخکښې بہ چې دے نو دې میډم لہ بہ ځکہ موقع ورکړو چې دا دوہ درې ورځې غیر حاضرہ هم وہ کنہ، نوپریږدہ چې دا پکښې بسم اللہ اوکړي۔ (تالیاں) نکہت اورکزئی۔

محترمہ نکہت اورکزئی: شکریہ جناب سپیکر۔جناب سپیکر صاحب! آپ کی وساطت سے یہاں پہ ہمارے جو وزیر خزانہ صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، سراج لحق صاحب سر! ایسی میٹھی گولیاں دیتے ہیں اوراس میں پورا زہر بھرا ہوتا ہے لیکن وہ بندہ ایسے کھاجاتا ہے کہ اس کے مرنے کا پتہ بھی نہیں چلتا ہے اور وہ اللہ کے پاس پہنچ چکا ہوتا ہے لیکن کھاتا بڑا شوق سے ہے۔ سر، اللہ تعالیٰ نے ان کو اسی لئے اپنی جماعت کا امیر بھی بنادیا کیونکہ یہ ان کی جو زبان ہے، وہ بہت میٹھی اور بہت ہی زیادہ ان کے پاس جو مٹھاس ہے لیکن عمل جو ہے جناب سپیکر صاحب! عمل میں اور گفتار میں تھوڑا سا تضاد ہے جس میں شاید یہ 62، 63 پہ بھی آتے ہیں کیونکہ انہوں نے کہیں پہ کچھ ایک فگرز دیئے ہوئے ہیں، کہیں پہ دوسرے، بہر حال میں بجٹ پہ آؤں گی جناب سپیکر صاحب۔ سب سے پہلے تو جناب سپیکر صاحب! یہ بجٹ کی کاپی ہے اور جناب سپیکر صاحب! ایسا لگتا ہے کہ جیسے یہ کسی یعنی کسی بہت ہی ایسے ڈیپارٹمنٹ نے بنائی ہے کہ جس کو کچھ پتہ نہیں ہے کہ اس قسم کی کاپی کو Stiple کرکے اور آخری وقت میں آپ نے دیکھا کہ میڈیا نے بھی اس پہ واک آؤٹ کیا، ہماری بھی اس پہ بات ہوئی۔ پھر اس کے بعد جناب سپیکر صاحب! یہ جو یہاں پہ کہتے ہیں ناکہ کوئی، این جی اوز جب بناتی ہیں کوئی بجٹ تو وہ جب ہم لوگ سیمینار میں جاتے ہیں تو وہ Attraction کیلئے اس قسم کی یہ تمام چیزیں دے دیتی ہیں کہ مطلب این جی او کی جب وہ ہوتی ہے (تالیاں) تاکہ لوگ Attract ہوں اور سیمینار وہ Attend کریں۔ تو لگتا مجھے یہ ہے کہ یہ فنانس ڈیپارٹمنٹ نے نہیں بنایا، یہ کسی این جی او نے یہ بجٹ بنایا ہے۔ جناب سپیکر صاحب! پھر یہاں پہ جب بات ہوتی ہے، میں صرف جناب سپیکر صاحب! اپنے جو خیالات ہیں جو کہ اس ہاؤس میں میں پچھلے گیارہ سال سے ہوں اور گیارہ سال سے جناب سپیکر صاحب! جب وہاں سے کوئی بات ہوتی ہے تو مجھے بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ آرٹیکل 25 کے (حوالے سے)

کرامت اللہ چغرمٹی صاحب سے، آپ لوگوں سے میں نے رولنگ لی اور کورٹ میں جب بھی کوئی ایسا کوئی حکم آتا ہے، جب جج صاحبان دیتے ہیں تو وہاں پہ بھی آرٹیکل 25 کو Quote کیا جاتا ہے کہ جس میں Equality of citizens ہے اور Equality of citizens میں یہ ہے کہ جب کوئی بھی عورت، کوئی بھی مینارٹی کا کوئی بھی بندہ، میل یا فیمیل جب اس چاردیواری کے اندر آجاتے ہیں تو وہ پھر 'الیکٹڈ' لوگ کہلاتے ہیں، پھر وہاں پہ یہ Constituencies 99 جو ہمارے KPK کی ہیں، یہاں سے جب بھی کوئی بات ہوئی، چیف منسٹر نے بات کی، سراج الحق صاحب نے بات کی، شاہ فرمان صاحب نے بات کی، ان سب نے یہی کہا، Constituencies 99 میں سے مینارٹی کو اور عورتوں کو، سب کو نکال باہر کیا کہ یہ تو کوئی 'الیکٹڈ' لوگ ہی نہیں ہیں جبکہ جب سی ایم کے ووٹ کا وقت آتا ہے، جب سی ایم ووٹ لیتا ہے تو ہر فیمیل، ہر مینارٹی کے پاس، جب سپیکر صاحب کا ووٹ ہوتا ہے، جب ڈپٹی سپیکر کا ووٹ ہوتا ہے، ہمیں اس وقت ممبران صوبائی اسمبلی سمجھا جاتا ہے لیکن جب بجٹ کی باری آتی ہے جناب سپیکر صاحب!، بجٹ پہ آؤں گی، جب بجٹ کی باری آتی ہے تو یہ آپ اگر صفحہ نمبر 25 نکالیں، 23 نکالیں جناب سپیکر صاحب، تو جناب سپیکر صاحب! ٹوٹل بجٹ ہے 404 ارب، 404 ارب روپے میں، جناب سپیکر صاحب! 52 پرسنٹ پورے پاکستان کی اور ظاہر ہے کے پی کے کی بھی آبادی جو ہے، وہ 52 پرسنٹ ہے جس میں کہ ماں قدموں تلے جنت، بیٹی جو باپ بھائیوں کیلئے عزت کا ایک جو ہے، تو وہ جیسے سراج الحق صاحب نے اپنی تقریر میں، یہ دوسری دفعہ ہے، پچھلے بجٹ میں بھی یہی بات تھی اور اس بجٹ میں بھی تھا کہ جیسے پشاور کے پی کے کے سر کا جھومر ہے تو اسی طرح بیٹی بھی خاندان کے سر کا جھومر ہے۔ بہن اور بیوی جو کہ وزیر خزانہ بھی ہیں، جو کہ سوشل ویلفیئر کی منسٹر بھی ہیں گھر میں، جو وزیر داخلہ بھی ہیں، جو سب کچھ ہے لیکن اس کے باوجود جناب سپیکر صاحب! یہاں پہ خیبر پختونخوا کی جو مینڈیٹ والی پارٹی ہے جن کو زیادہ تر خواتین نے ووٹ دیا، ان کیلئے جناب سپیکر صاحب! سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی خواتین کیلئے یہ ذرا ایک پوائنٹ ہے کہ 404 ارب کے بجٹ میں ترقی خواتین کیلئے ایک ارب 11 کروڑ 51 لاکھ 27 ہزار روپے، چلیں جی میں نے ساری مینارٹی اور وہ سارا، اس میں جناب سپیکر صاحب! وہی جیسے میں نے تین بتایا کہ سماجی بہبود کی بھی وزیر ہے، وزیر داخلہ بھی ہے، جناب سپیکر صاحب! اس کو تو یکسر میں مسترد کرتی ہوں کہ یہ بجٹ خواتین کی ترقی کیلئے

جب ہے ہی نہیں، جب خواتین کی Awareness نہیں ہوگی، جب خواتین کی ترقی نہیں ہوگی، جب خواتین کیلئے کچھ کام نہیں ہوگا، جب خواتین کو مشاورت میں شامل نہیں کیا جائیگا، جب خواتین کو کوئی Development scheme نہیں دی جائیگی، جب خواتین کو پبلک ہیلتھ میں مشاورت سے، ان سے مشورے نہیں لیے جائینگے، کہاں کی ترقی آپ کہتے ہیں؟ صرف اس کی کہ آپ کو ووٹ ملے، آپ چیف منسٹر بنیں اور پھر آگے آپ پرائم منسٹر کیلئے طلبگار ہوں؟ اس بجٹ کو تو میں جناب سپیکر صاحب! خواتین کیلئے فنڈ نہ ہونے کی وجہ سے یکسر ٹوٹل طور پہ مسترد کرتی ہوں کیونکہ جناب سپیکر صاحب! یہ سب سے بڑی بات ہے کہ:

بدلنا ہے تو مے بدلیں نظام مے کشی بدلیں　　و گرنہ ساغر و مینا بدل جانے سے کیا ہوگا

یہ سر! نہیں ہے کہ بس صرف الفاظ کی ہیرا پھیری جناب سپیکر صاحب، آپ پچھلے سال کا بجٹ دیکھ لیں، بڑے بڑے دعوے ہوئے یہاں پہ، بڑی بڑی یہاں پہ کہانیاں سنیں، صرف اور صرف جناب سپیکر صاحب! ہائر ایجوکیشن کے منسٹر کو حالانکہ وہ بھی منسٹر نہیں ہیں، ایڈوائزر ہیں، (قطع کلامی) ابھی منسٹر بنے ہیں، Sorry، ابھی منسٹر ہیں-----

(شور اور قہقہے)

جناب سپیکر: منسٹر ہے۔

محترمہ نگہت اورکزئی: پہلے ایڈوائزر تھے، پہلے ایک سال ایڈوائزر رہے ہیں جی-----

جناب سپیکر: نہیں، آپ کا کیا مطلب-----

محترمہ نگہت اورکزئی: پہلے ایڈوائزر رہے ہیں، Sorry میرے ذہن میں ہے کہ شاید ابھی بھی وہ ایڈوائزر ہیں-----

جناب سپیکر: ویسے آپ کی مشتاق غنی کے ساتھ لگتی نہیں ہے۔

محترمہ نگہت اورکزئی: نہیں، نہیں جی، میرے بہت اچھے کولیگ دو Tenures میں رہ چکے ہیں اور میرے جنرل سیکرٹری تھے، میں ان کی سیکرٹری انفارمیشن تھی، ہم دونوں نے ہی پارٹیاں بدلی ہیں، میں پیپلز پارٹی میں آئی ہوں اور یہ میرا خیال ہے انکی　(قہقہے)　اور یہ ان کی تیسری بار ہے،

(تالیاں) پہلے تحریک انصاف میں تھے، پھر اس کے بعد کیو میں آئے اور اب پھر تحریک انصاف میں ہیں، تو جناب سپیکر صاحب! میں یہ سمجھتی ہوں کہ یہاں پہ ہائر ایجوکیشن کے منسٹر کو میں مبارک باد پیش کرتی ہوں کہ صرف ایک محکمے میں 108 پرسنٹ جو ہے، وہ بجٹ لگا یعنی اپنے بجٹ سے بھی انہوں نے تجاوز کیا، اس کا مطلب یہ ہے کہ ہائر ایجوکیشن میں کوئی کام ہو رہا ہے، باقی تمام جتنے بھی آپ محکمے دیکھ لیں جناب سپیکر صاحب! اس میں آپ نے تمام فنڈ واپس کیا۔ چونکہ میں بجٹ کی اس تقریر کو مسترد کر چکی ہوں اس لئے میں اس پہ بات ہی نہیں کرنا چاہتی ہوں۔ جناب سپیکر صاحب! یہاں پہ بڑی بڑی باتیں ہوئی ہیں اور یہاں پہ یہ ہوا کہ کے پی کے کو ہم لوگوں نے یہ کرنا ہے حالانکہ جناب سپیکر صاحب! پولیس کیلئے بہت کچھ ہونا چاہیے تھا، وہ میں اپنی کٹ موشن پہ بات کروں گی۔ یہاں پہ بم ڈسپوزل سکواڈ کیلئے بہت کچھ ہونا چاہیے تھا، سلوٹ کرتی ہوں، دیکھا نہیں ہے، نہ ان سے ملی ہوں لیکن جب مجھے یہ پتہ چلتا ہے کہ وہ بیچارے جاتے ہیں اور ہاتھوں سے وہ جو گاڑیاں ہیں، ان کو وہ کسی طریقے سے ناکارہ کرتے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب! ان کے تمام ڈیپارٹمنٹ کو میں سلوٹ پیش کرتی ہوں کیونکہ ان کے پاس کوئی جدید ترین کسی قسم کی کوئی سہولیات نہیں ہیں جناب سپیکر صاحب! اور تمام باتوں پہ آئے، افغانستان کی سمز کے بارے میں آئے، دہشت گردی پہ آئے اور جناب سپیکر صاحب! تین چار باتوں پہ میں اپنی جو میری سپیچ ہے، سپیچ میں نے اس لئے کی تھی کہ میں صرف یہ بتانا چاہتی تھی کہ تحریک انصاف کی حکومت کا یہ حال ہے کہ جتنا بجٹ انہوں نے خواتین کیلئے رکھا، جناب سپیکر صاحب! اس وقت میں آپ کے توسط سے اپنی پوری قوم، میڈیا، پاکستان کے جتنے بھی صوبے ہیں، چاہے وہ صوبہ سندھ ہے، چاہے وہ صوبہ بلوچستان ہے، چاہے وہ صوبہ پنجاب ہے، چاہے وہ صوبہ کے پی کے ہے جناب سپیکر صاحب! اس وقت میری افواج پاکستان بارڈرز پہ اور شمالی وزیرستان میں ان درندوں کے خلاف نبرد آزما ہے جناب سپیکر صاحب! اس وقت ہم سب لوگوں نے ان کا ساتھ دینا ہے جناب سپیکر صاحب! ہم نے سازشیں نہیں کرنی ہیں، یہ اقتدار آنی جانی چیز ہے، یہ بجٹ، آپ کی کرسی، یہ تمام اسمبلی، سراج الحق صاحب، چیف منسٹر صاحب، شہرام خان، سکندر خان صاحب، یہاں پہ بیٹھے ہوئے اپوزیشن لیڈر لطف الرحمن صاحب، محمد علی شاہ باچا، نلوٹھا صاحب، اس وقت تک جناب سپیکر صاحب! یہ اس وقت تک ممکن ہو سکے گا کہ یہ اس ہاؤس میں اپنی سیٹوں پہ بیٹھے رہیں کہ ہم

لوگوں نے اس پاکستان کو بچانا ہے جناب سپیکر صاحب، میں شور سن رہی ہوں، ایک چیز کہ فلاں نے یہ کردیا، فلاں نے وہ کردیا، فلاں نے یہ کردیا، اس وقت جناب سپیکر صاحب! ہمیں اتحاد کی ضرورت ہے، ہمیں اتفاق کی ضرورت ہے، ہمیں ایک دوسرے کی Leg pulling کی ضرورت نہیں ہے، ہمیں جمہوریت کو Derail کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے، سازشوں کو بے نقاب کرنا ہے، سازشوں کو ناکام کرنا ہے اور جس کو بھی پاکستان کے لوگوں نے، جو پانچ سال گزاریں گے اور اپنی کارکردگی کو سامنے لیکر آئیں گے، وہ پھر پرائم منسٹر بھی بنیں گے، وہ پھر چیف منسٹر بھی بنیں گے، وہ پھر وزیر بھی بنیں گے۔ جناب سپیکر صاحب! میں ان تمام فورسز کو جو اس وقت جمہوریت کو Derail کرنے کیلئے یکجا ہوئی ہیں، ان کو میں تنبیہہ کرتی ہوں، خدا کیلئے یہ پاکستان ہم لوگوں نے بڑی مشکل سے بنایا ہے، یہ ہمارے بڑوں نے قربانیوں سے بنایا ہے، بہت سی عورتوں کی عصمتیں لٹی ہیں، بہت سے بچے یتیم ہوئے ہیں، خدا کیلئے ان کی قربانیوں کو دیکھتے ہوئے اپنی پرائم منسٹر شپ کو پس پشت ڈال دو، امیر المومنین کا جو لقب ہے، اس کو پیچھے ڈال دو اور اس وقت پاکستان کے لوگوں کے ساتھ یکجہتی اور یگانیت کا ثبوت دیں۔ جناب سپیکر صاحب! یہاں سے اتفاق کا اور یہاں سے پاکستان کی افواج پاکستان کے جو لوگ شہید ہو رہے ہیں، ان دہشت گردوں، ان درندوں کے خلاف جو نبرد آزما ہیں، ہمیں ان کے ساتھ کھڑا ہونا ہے اور کسی قسم کی سازش کا حصہ نہیں بننا ہے جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب! اسی کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا، بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: مفتی جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔ قال رسول اللّٰه ﷺ أَلا كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، جناب سپیکر صاحب! زه ستاسو مشکور یم، د غې ایوان کښې موږ نه مخکښې معزز ممبرانو، جعفر شاه صاحب، سکندر صاحب او د اسې نورو مشرانو د بجټ حوالې باندې د اسې خبرې او کړې چې غالباً هغې نه بعد د نور بحث او د ډیرو اوږدو تقریرونو کولو ضرورت نه دے پاتې۔ جناب سپیکر صاحب، بجټ د هرې پارټئ د حکومت هغه ثمره وی، هغه پهل وی، هغه متهاس وی چې هغې د پاره د غه خلقو دا حکومت منتخب کړے وی او د حکومت چې څومره رعايا ده، د دغې رعائې امیدونه بجټ سره وابسته

وی چې حکومت به مونږ ته څه مراعات دغې بجټ کښې راکوی خو جناب سپیکر صاحب! زه به دغه بجټ نه مخکښې په تیر بجټ باندې یوه خبره اوکړم ضروری، کیدې شی ډیر ممبران داسې وی زما په شان جناب سپیکر صاحب! چې ما ته کومې روپۍ ملاؤ دی، ما 40 لاکھ روپۍ اوسه پورې لګولې دی، په دغه کروړونو، اربونو کښې، بله یوه روپۍ اوسه پورې زمونږ نه ده لګیدلې او ډیر ممبران به زه وایم چې دغې اسمبلۍ کښې داسې وی چې هغوی سره به هم دا معامله روانه وی۔ جناب سپیکر صاحب! که بجټ پاس کیږی خو ادارې پیسو لګولو کښې تعاون نه کوی، زما به دا خیال وی چې بیا د دغې بجټ پاس کولو نه به نه پاس کول مطلب دا دے ښه وی او خلقو ته به امیدونو په ځائې باندې نا امیدی ښه وی۔ جناب سپیکر صاحب، هغه یو ډیر اوږد فهرست جعفر شاه صاحب تاسو ته ټول بیان کړو، دې ټولو ممبرانو واوریدلو، جناب سپیکر صاحب! اول خو په دغه بجټ کاپۍ باندې لکه نګهت بی بی اووئیل، زه ډیر د افسوس اظهار کوم چې د یو حکومت د دلچسپۍ دا حال وی، یو حکومت بجټ په داسې طریقې باندې تیاروی چې هغې سره به د صحیفو په شان باندې مطلب دا دے بیا مینځ کښې په سټیپلرو باندې پاڼې لګوی جناب سپیکر صاحب! زه وایم چې دا د حکومت د دلچسپۍ او د حکمرانۍ د حق د ادا کولو به جناب سپیکر صاحب! دا اول مظهر وی او دې نه جناب سپیکر صاحب! دا واضحه کیږی چې حکومت د بجټ د پاره څومره تیاری کړې ده چې د بجټ تقریر تیار شو، هغې نه بعد بیا مطلب دا دے سټیپلرو سره پاڼې ورباندې لګوی چې دا به مونږ صوبائی اسمبلۍ ته اوړو، زما به میډیا ملګرو ته دا درخواست وی چې دغه بجټ تقریر په میډیا باندې اوښائی خلقو ته چې دا د صوبائی حکومت د بجټ تیارولو کښې دا دلچسپی ده او دغه طریقه باندې دا بجټ بک تیار شوے دے۔ جناب سپیکر صاحب، زه د دغې بجټ کتاب او د تیر بجټ کتاب د منسټر صاحب او د جماعت اسلامی امیر صاحب توجه یو دوه خبرو طرف ته اړول غواړم۔۔۔۔۔

<u>جناب سراج الحق {سینیئر وزیر (خزانہ)}</u>: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔

سینیئر وزیر (خزانہ): جناب سپیکر صاحب! میں آپ کی توجہ ایک رولنگ کی طرف دلانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ اس ایوان میں سرکار کی کارکردگی، وزیر کی کارکردگی ڈسکس ہوگی، پارٹی کا نام نہیں لیا جائے گا نہ پارٹی کو ڈسکس کیا جائے گا، یہ چیئر کی رولنگ ہے۔

جناب سپیکر: بالکل بالکل، یہ سارے لیڈرز ہمارے لئے محترم ہیں اور گورنمنٹ کے حوالے سے آپ اپنا وہ کر سکتے ہیں۔

مفتی سید جانان: سر! میں نے میرے خیال میں کوئی ایسی بات نہیں کی ہے، یہ ہمارے محترم ہیں اور جماعت اسلامی کا امیر ہے اور ایک بہت بڑی مذہبی پارٹی کا امیر ہے، ہم اس کو بڑے احترام سے دیکھتے ہیں سارے۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

مفتی سید جانان: میں نے کوئی ایسی بات نہیں کی ہے، منسٹر صاحب کی اگر دل آزاری ہوگئی تو میں معذرت چاہتا ہوں ان سے۔ جناب سپیکر صاحب! خو دا خو به جناب سپیکر صاحب! زما حق وی، دا خو به وایم، دا کتاب خو تاسو را کړے دے جناب سپیکر صاحب! دې نه خو به منسټر صاحب دغه نه کیږی۔ جناب سپیکر صاحب! دریم نمبر باندې لیکی۔ ہماری حکومت جمہوریت پر یقین رکھتی ہے، ہم نے اقتدار میں آنے پر مدینہ منورہ کی اسلامی ریاست اور نبی مہربان ﷺ اور خلفاء راشدینؓ کے عہد زریں کو اعلیٰ ترین نمونے کے طور پر سامنے رکھا ہے۔ زه جناب سپیکر صاحب! ډیر بحث نه کوم، جناب سپیکر صاحب! اے ډی پی کښې 147 روډونه دی او147روډونو کښې جناب سپیکر صاحب! 1753ملین روپئ نوشهره ته ئے ورکړې دی او 1615دیر لوئر او اپر ته ورکړې دی، 850 جناب سپیکر صاحب! دا صوابئ ته او 940 جناب سپیکر صاحب! دا ئے سوات ته ورکړې دی۔ جناب سپیکر صاحب! زما به دا ګزارش وی چې آیا رسول اللهﷺ ته چې څومره بیت المال ته شیان راغلی دی، هغویﷺ د خپلې رعائې په دغه طریقه باندې خیال ساتلے دے؟ هغویﷺ خپلې رعائې سره دا کړی دی چې مدینې منورې کښې دا یوه ګلئ ده او دا یوه محله ده، د دې بیت المال کښې دومره حصه وی او دا بله ګلئ ده مدینه منوره کښې، د دې به بیت

المال کبنې دومره حصه وی؟ جناب سپیکر صاحب، زه وایم چې داد مدینې منورې درسول اللهﷺد اصولو نمونه نه ده، که زه اووایم چې دا خو جناب سپیکر صاحب! دا به نه وی هغه ځکه چې جناب سپیکر صاحب! 1753 ملین او دا ټول جناب سپیکر صاحب! چې راجمع کړې، 5158 ملین جناب سپیکر صاحب! دا ځلورو ضلعو ته ملاؤ دی، ځلورو ډویژنو ته او جناب سپیکر صاحب! د هغې په مقابله کبنې جنوبی اضلاع جناب سپیکر صاحب! جنوبی اضلاع هغه اضلاع دی چې هغه تا ته بجټ کبنې دویم نمبر باندې آمدن درکوی، جناب سپیکر صاحب! مرکزی ټیکسونو نه 227 ارب 12 کروړ12لاکھ روپئ ملاؤ دی، گیس رائلټی جناب سپیکر صاحب! دویم نمبر کبنې ده، 29 ارب 26 کروړ 34 لاکھ 51 هزار روپئ جناب سپیکر صاحب! تا ته درکړې دی۔ د دې په بدله کبنې جناب سپیکر صاحب! ټوټل جنوبی اضلاع ته ډیره اسماعیل خان نه اونیسه تر هغه د هنگو اخری سره پورې جناب سپیکر صاحب! 2105 ملین روپئ تا ورته ورکړې دی، چرته 5158 ملین او جناب سپیکر صاحب! چرته 2105 ملین، زه جناب سپیکر صاحب! مونږ او تاسو به دا خبره فراموشه کړو جناب سپیکر صاحب! مونږ به څه اونه وایو خو راتلونکی وخت کبنې به خلق وائی چې د وسائلو منصافانه تقسیم نه دے هغه خلق چې د انصاف په نوم باندې راغلی وو، هغه خلق چې هغوی به دوئ وئیل چې زمونږ د پاره مشعل راه د رسول اللهﷺ زریں اصول او د خلفائې راشدینؓ طریقه کار به وی جناب سپیکر صاحب! خلق به وائی چې دا انصاف نه دے، دا د رسول اللهﷺهغه زریں اصول نه دی جناب سپیکر صاحب۔ تیر بجټ کبنې جناب سپیکر صاحب! یوه خبره شوې وه، هغه خبره جناب سپیکر صاحب! دا وه، نمبر 5 باندې ئے لیکلی دی جناب _*اس معزز ایوان کی وساطت سے دنیا بھر اور پاکستان کے عوام کو یہ پیغام دینا چاہتا ہوں کہ ہماری مخلوط حکومت کیلئے ریاست مدینہ کا نظام مشعل راہ رہے گا*_ جناب سپیکر صاحب! دا د رسول اللهﷺمشعل راه نه ده او جناب سپیکر صاحب! په 9 نمبر باندې لیکی_ *ہماری مخلوط حکومت کی ترقیاتی ترجیحات کا محور تین رہنما اصول رہیں گے، غربت کا خاتمہ، محروم عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولت کی فراہمی اور پسماندہ اضلاع کو ترقیافتہ اضلاع کے برابر لانا*_ جناب سپیکر صاحب! دغې صوبې کبنې دوه

ضلعې ضلع هنگو او ضلع کرک هغه ضلعې دی چې ستا د صوبې دویمه حصه د بجټ تا ته دا ضلعې درکوی خو جناب سپیکرا! زه ډیر مایوسئ سره دا خبره کوم چې هنگو هغه ضلع ده چې شپږو کالو نه مسلسل جنگ کښې راروانه ده، دهشت گردئ مد کښې فنډ راغلو دا ضلعې محرومه او اوس خپل وسائل جناب سپیکر صاحب، خپل وسائلو کښې مونږ محروم ساتلی کیږو۔ جناب سپیکر صاحب! زه اخر کښې دا گزارش کوم چې دا بجټ د وسائلو منصفانه تقسیم نه دے او زه دا نه وایم جناب سپیکر صاحب! یو سړے په خزانه باندې ناست دے، یو سړے د هیلتھ منسټر دے، یو سړے د ایجوکیشن منسټر دے، هغه د خپلې حلقې ته خا مخا ترجیح ورکوی خو داسې خو هم نه دی پکار چې "میم زبر ما ټوله زما"، جناب سپیکر صاحب! دا انصاف نه دے، (تالیاں) زه جناب سپیکر صاحب! زه په دغه خبرو باندې صرف دامې تاسو ته د خپلو وعدو یاد در کولو د پاره جناب سپیکر صاحب! دا څو خبرې اوکړلې چې ما وئیل چې کیدې شی هغه وعدې درته یادې شی که هیرې وی، دا بجټ تقریر مې درته ځکه راوړے وو، ما وئیل چې کیدې شی دې طرف ته توجه واړوئ۔ جناب سپیکر صاحب! مونږ خو څه نه وایو خو راتلونکی نسلونه او زه قسم خورم زه به دا بجټ تقریرونه اوړم او دا اے ډی پی به اوړم، زه به جمعه کښې خطیبانو ته ورکوم او زه به خلقو ته وایم چې دا (تالیاں) او دا ورته نه وایم چې بې انصافی شوې ده، ورته وایم چې د انصاف او بې انصافئ فیصله په تاسو ده چې که دې ته انصاف وایئ او بې انصافی وایئ جناب سپیکر صاحب؟ مهربانی، جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> مشتاق غنی صاحب۔

<u>جناب مشتاق احمد غنی(وزیر برائے اعلیٰ تعلیم):</u> بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔ بجٹ میں بڑی سیر حاصل بحث ہو رہی ہے اور گزشتہ دو تین تین دن سے ہمارے اپوزیشن کے بھائی بڑی تیاری سے آرہے ہیں اور نکتے نکالنے کی کوشش کر رہے ہیں ہمارے بجٹ کے اندر سے لیکن جناب سپیکر! ایک بات کی مجھے سمجھ نہیں آرہی کہ یہ جو بجٹ جسے ہم متوازن بجٹ کہتے ہیں، جسے ہم غریب دوست بجٹ کہتے ہیں، جسے ہم عوام دوست بجٹ کہتے ہیں، جسے بیوروکریسی نے تیار نہیں کیا، اس ایوان کے سارے

لوگوں کو بار بار On board کیا گیا، ہم سب کا اس میں Input شامل ہے، پی سی میں ایک میٹنگ ہوئی اور جس دن آپ نے یہاں سے اناؤنس کیا تھا کہ تمام ایم پی ایزاس میں شامل ہوں، جو ایم پی ایز وہاں پر آئے، انہیں بھی بریفنگ دی گئی اور ان سے بھی تجاویز اس پہ لی گئیں، تو مطلب تو یہ ہوا کہ ہم سب نے Collective effort سے یہ بجٹ تیار کیا ہے اور آپ میڈیا پہ دیکھیں، سوشل میڈیا کے اوپر، آپ چوکوں، چوراہوں اور بازاروں میں لوگوں کی ڈسکشن دیکھیں، ہر شخص اس بجٹ کی تعریف کر رہا ہے کہ مشکل حالات کے اندر پی ٹی آئی کی کولیشن گورنمنٹ نے ایک ایسا بجٹ دیا کہ فیڈرل گورنمنٹ کے نمائندے جناب اسحاق ڈار منسٹر فنانس، ہفتے کے دن شام کو یہاں بجٹ پیش ہوتا ہے تو اسی شام وزیر خزانہ صاحب کو مرکزی وزیر خزانہ فون کر کے فون پہ مبارکباد دیتے ہیں، (تالیاں) جناب! ان حالات میں اس سے بہتر عوامی بجٹ کوئی پیش ہی نہیں کر سکتا اور کل قومی اسمبلی کے فلور پہ اسحاق ڈار صاحب نے پھر اس کی تعریف کی کہ سراج الحق صاحب نے اس حکومت کا جو بجٹ پیش کیا، وہ قابل تحسین ہے۔ (تالیاں) تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمیں، ہم سب بھائی ہیں، ہمیں تعمیری تنقید ضرور کرنی چاہیے، جہاں سے ہم سے کوئی خرابی، کوئی خامی رہ گئی ہے، اس کو اب بھی درست کیا جا سکتا ہے۔۔۔۔

محترمہ نگہت اورکزئی: ہم نے کوئی بے جا تنقید نہیں کی ہے۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: No interruption, please; no interruption, please، ہم نے آپ کی سپیچز میں کوئی Interruption نہیں کی، ذرا حوصلہ، ذرا حوصلہ میری بات بہن! حوصلہ۔ آپ کی بات کا بھی جواب دوں گا۔۔۔۔

جناب سپیکر: میڈم! میڈم! گزارہ، گزارہ۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: تو میں یہ کہتا ہوں کہ ہمارا۔۔۔۔

جناب سپیکر: گزارہ جی۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: اور ہم نے ہمیشہ اپنے ساتھیوں کی آراء کا احترام کیا، اس کو ہم ویلکم کہتے ہیں اور اس بجٹ کیلئے آپ کو بار بار On board لینے کی کوشش کی گئی، سو یہ کہنا کہ یہ بجٹ الفاظ کا ھیر پھیر ہے، اس میں عوام کیلئے کچھ رکھا ہی نہیں گیا ہے، جیسے کل میرے محترم بھائی شیر پاؤ صاحب نے کہا کہ پچاس باون

ارب روپیہ تو ہے ہی نہیں، جناب سپیکر! جن پیسوں پہ ہماراClaim ہے، فیڈرل گورنمنٹ نے سراج الحق صاحب کے ساتھ، ہمارے صوبے کے ساتھ یہ کمٹمنٹ کی ہے کہ یہ جو پیسے آپ کے بیلنس رہتے ہیں، 12ارب روپے نٹ ہائیڈل پرافٹ کے، وہ بھی آپ کو دیں گے۔ تو یہ ہمارا حق ہے، یہ ہم خیرات تو کسی سے نہیں مانگ رہے اور اس طرح یہ سارے پیسے جن کا انہوں نے کل ذکر کیا، اگر ہم بجٹ میں نہ لائیں ان کو، تو کیا ہم فیڈرل گورنمنٹ کے سامنےHands up ہو جائیں کہ ہمیں آپ کے پیسے، ہمارا توClaim ہی ختم ہو جائے گا۔ سو وہ پیسے بھی ملیں گے اور ہماراClaim بھی موجود ہے اس بجٹ کے اندر۔ جناب سپیکر، جب ہم نے حکومت سنبھالی تو ہمیں ہر طرف جو چیزیں وراثت میں ملیں، اقرباء پروری نظر آئی، کرپشن کے سمندر نظر آئے، ہمیں ہر طرف ایسا نظام نظر آیا، یوں محسوس ہوتا تھا کہ ہماری گورنمنٹ جو ہے ایک مکڑی کے جال کے اندر پھنس گئی ہے، ہر طرف کرپشن، ہر طرف میرٹ کیViolation، نوکریاں بکنے کا کلچر، ایک عجیب صورتحال تھی۔ ہماری گورنمنٹ نے بیٹھ کر یہ فیصلہ کیا کہ ہم اس کرپشن اور اس سسٹم کے خلاف جہاد کریں گے اور پھر ہم نے عہد کیا کہ:

ے دشت تو دشت ہے دریا بھی نہ چھوڑے ہم نے
بحر ظلمات میں دوڑا دیئے گھوڑے ہم نے

ہر ڈیپارٹمنٹ کے پیچھے ہم پڑ گئے، ہر ڈیپارٹمنٹ کو ہم نے ٹھیک کیا، ہر جگہ ہم نے اپنے گروپس بنا دیئے، ہماری کمیٹیز قائم ہو گئیں اور ہم نے یہ عہد کیا کہ ہم اس کرپشن کے خلاف ہر محاذ پہ لڑیں گے اور جہاد کریں گے۔ ہمارے دوستوں کو۔۔۔۔۔

آوازیں: یہ شعر دوبارہ پڑھ لیں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: آخر میں پھر پڑھ لوں گا۔ ہمارے دوستوں کو آرٹی آئی نظر ہی نہیں آرہی، Bad governance اتنی تھی جناب! اس صوبے میں کہ پہلا فیصلہ یہ کیا گیا کہ ہم گڈ گورننس کوEnsure کریں گے، اب وہ کاغذوں میںEnsure نہیں ہو سکتی تھی، کہنے سےEnsure نہیں ہو سکتی تھی، اس کیلئے یہ سارے اقدامات آپ کے سامنے ہوئے ہیں۔ اطلاعات تک رسائی کا کمیشن بنا، وزیراعلیٰ ہاؤس میں شکایات سیل قائم کیا گیا، خدمات تک رسائی کا کمیشن قائم ہوا، Conflict of Interests آپ کے

سامنے آگیا، احتساب کمیشن بن گیا، Public Procurement Authority بن گئی، ان تمام اقدامات کا مقصد یہ تھا کہ بدعنوانی، رشوت ستانی، اقرباء پروری اور کمزور احتسابی نظام کو جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دیا گیا۔ جناب سپیکر، جعفر شاہ صاحب ہمارے بھائی ہیں، ابھی نہیں ہیں، انہوں نے زیرو زیرو کہہ کے ہمیں زیرو ثابت کرنے کی کوشش کی، کاش کہ وہ ابھی یہاں پہ ہوں۔۔۔۔

جناب جعفر شاہ: میں ادھر موجود ہوں۔(حزب اقتدار کی مسند پر تشریف فرما تھے)

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: اوہ اچھا، آپ ادھر ہیں۔ جناب! بلڈنگ پہ ہماری جو۔۔۔۔۔

جناب جعفر شاہ: ابھی خیال رکھیں، اب تو ادھر ہوں کہ آپ اس پہ آئے ہیں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: آپ اب ٹریژری بنچز ہیں، آپ ہمیں اب سپورٹ کر رہے ہیں۔ (تالیاں)

بلڈنگ پہ ہماری جو بجٹ ایلوکیشن تھی اور جو ہم نے Expand کیا Hundred percent، میں آپ کے بیان کا شکریہ ادا کرتا ہوں، انہوں نے ہائر ایجوکیشن کا ذکر کیا، صرف ہائر ایجوکیشن نہیں بلکہ ڈسٹرکٹ اے ڈی پی 100 پرسنٹ، سکول اینڈ لٹریسی 98.9 پرسنٹ، انرجی 94 پرسنٹ، فنانس 92 پرسنٹ، ہائر ایجوکیشن 108 پرسنٹ، ہوم 100 پرسنٹ، انڈسٹری 82 پرسنٹ، لاء انڈسٹری 98 پرسنٹ، روڈ، آر اینڈ بی، روڈ ڈیویلپمنٹ 248 پرسنٹ، روڈ 133 پرسنٹ اور اس طرح سپورٹ 109 پرسنٹ یعنی ریوائز بجٹ کا 97 پرسنٹ جو ہے، ہم نے استعمال کیا ہے تو ہم زیرو پرسنٹ نہیں، 97 پرسنٹ ہے جناب، 100 سے 50 پرسنٹ نیچے رہ گیا ہے۔ ہمارا فوکس تھا جناب! اس میں ایجوکیشن، ہیلتھ، انرجی، سپورٹس، ٹورازم اینڈ یوتھ آفیئرز۔ ان چیزوں کو سامنے رکھ کے اور Certainly لاء اینڈ آرڈر، انرجی کا آپ کو علم ہے کہ کتنا بحران ہے اور ان شاء اللہ ہمیں امید ہے کہ Very soon ہم 659 میگاواٹ ان شاء اللہ اپنے سسٹم میں شامل کر لیں گے۔ ایجوکیشن پر تو بڑی بات ہوتی ہے، ایجوکیشن کے خلاف، 111 بلین اس کا بجٹ ہے ٹوٹل، تینوں ایجوکیشن کو ملا کر، سکولز اینڈ لٹریسی، ہائر اینڈ ٹیکنکل ایجوکیشن، یہ Almost 111 ارب ہے جناب، اب اس میں جو پروگرام چل رہے ہیں، آپ سب کو معلوم ہے۔ اقراء فروغ تعلیم ہے، روخانہ پختونخوا، عاطف خان یہاں پہ نہیں ہیں، ان کے ڈیپارٹمنٹ کے لوگ شاید ہوں گے، میں چیف منسٹر کو، عاطف خان کو، ان کے ڈیپارٹمنٹ کو ہزارہ کے عوام کی طرف سے سلوٹ پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے وہ سکولز جو

زلزلے میں Damage ہوئے تھے، 760 سکولز، ان سارے سکولوں کو تعمیر کرنے کا اعلان کر دیا۔ جناب، پہلے بھی تو یہاں حکومت تھی، پچھلے پانچ سال بھی، اس حکومت کے دور میں ان سکولوں کو جو صحیح بنے ہوئے بھی تھے، معمولی سا کریک تھا، ان کو Repair کیا جا سکتا تھا جناب سپیکر، دیار کی لکڑی نکالنے کی خاطر اور چادریں بیچنے کی خاطر ان سکولوں کو مسمار کر دیا گیا اور آج نو سال گزر گئے ہیں، وہ ہمارے بچے کیا اس صوبے کے بچے نہیں تھے کہ وہ درختوں کے نیچے بیٹھ کر تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں، بچے بھی اور بچیاں بھی اور بارشوں میں ان کو چھٹیاں دیدی جاتی ہیں، سردیوں میں بھی وہ اسی کھلے میدان میں، یہ پہلی حکومت ہے کہ جس نے، یہ کام تھا مرکزی حکومت کا، یہ 'ایرا' کا کام تھا۔ 'ایرا' اور 'پیرا' نے ملکر وہ سکول توڑے ہیں، بنانا بھی ان کا کام تھا لیکن پچھلی حکومت نے وہ پیسے یہاں سے دوسرے صوبے میں منتقل کر دیئے۔ ہزارے کا حق جو تھا، وہ لاڑکانہ تک پہنچ گیا لیکن اب اس دور میں جناب سپیکر، ہماری حکومت نے ان 760 سکولوں کو تعمیر کرنے کا بیڑا اٹھایا ہے او ران شاء اللہ یہ حکومت ان کو ضرور تعمیر کریگی۔

(تالیاں) جناب سپیکر! ہیلتھ میں جو کام ہو رہے ہیں، وہ ساری دنیا کو نظر آ رہے ہیں، سکولز میں جو کام ہو رہے ہیں، وہ ساری دنیا کو نظر آ رہے ہیں اور ہمیں آپ کی حمایت چاہیے میرے بھائی اور بہنوں! ہم اکیلے نہیں کر سکتے، ہم نے ایک سمت کا تعین کر لیا ہے، دیکھیں آپ سے کہ کہیں ہسپتال صرف شہرام نے ٹھیک کرنا ہے، شہرام خان نے اور سکولز صرف عاطف خان نے اور کالج صرف میں نے؟ نہیں، آپ ہمارے دست و بازو ہیں، ہم ایک دوسرے کے، آپ اپنے سکولوں کو خود دیکھیں کہ جہاں آپ کو کوئی پرابلم نظر آتا ہے، وہ آپ ہمارے سامنے لائیں۔ کالجوں میں جا کر دیکھیں جو پرابلم ہے، ہمارے ساتھ شئیر کریں۔ ہسپتالوں کے دورے کریں، جا کر دیکھیں جہاں کوئی کمی ہے، وہ ہم سے بات کریں یہاں پہ تاکہ مل جل کے ہم اس کام کو کریں۔ وہ شعر ہے ناکہ:

ے مل جل کے ارض پاک کو رشک علم کریں　　　کچھ کام آپ کیجئے کچھ کام ہم کریں

کیا ہو گا؟۔۔۔۔۔

<u>محترمہ نگہت اورکزئی:</u> ہم تو ٹریژری بنچوں پر نہیں، ہم تو اپوزیشن میں بیٹھے ہیں۔۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: اپوزیشن نہیں، ہم کہتے ہیں جی آپ ہمارے دست و بازو ہیں یا ہم آپ کے دست و بازو ہیں، آپ ہسپتالوں میں جائیں، سکولوں میں جائیں، کالجوں میں جائیں اور ہمیں بتائیں کہ جی یہ Missing facilities ہیں، ہم نے دور نہ کیں تو ہمارا قصور ہے۔ جناب سپیکر، ہیلتھ سیکٹر میں دوررس اقدامات کئے جارہے ہیں، 50 کروڑ انسولین کیلئے رکھ دیئے گئے، کینسر کیلئے رکھ دیئے گئے، انسولین کیلئے ڈھائی کروڑ کا روپیہ رکھا گیا۔ اسی طرح تمام ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر کیلئے، ایمرجنسی کیلئے ایک ارب روپے Allocate کر دیا گیا۔ مردان، ملاکنڈ، چترال، کوہاٹ، کوہستان، تورغر، بٹگرام، بونیر، یہ کوہستان کے ہمارے بھائی کل تقریر کر رہے تھے، ستار صاحب کہ جی کوہستان کو Ignore کیا گیا، بالکل Ignore نہیں کیا گیا، بہت زیادہ پیسے ہیں ہیلتھ کے اندر بھی اور دوسرے سیکٹرز کے اندر بھی اور ان علاقوں میں بحالی کیلئے ڈیڑھ ارب روپیہ رکھ دیا گیا، موبائل ہیلتھ سروس شروع کی جا رہی ہے صوبے میں اور کر دی گئی، دو میڈیکل کالجز بن رہے ہیں، کوہستان میں ڈی ایچ کیو ہاسپٹل بن رہا ہے، ہنگو میں اور کوہستان میں ہسپتالوں کی تعمیر ہو گی۔ تنظیم السائل والمحروم کے تحت 50 ہزار مریضوں کا مفت علاج ہو گا، 7 ہزار طلباء کو وظائف دیئے جائیں گے، 14 سو افراد کو ہنر سکھائے جائیں گے، یوتھ سنٹر کیلئے کھیل کے میدان، ٹیلنٹ اور یہ ساری چیزیں اس بجٹ میں شامل ہیں اور اس صوبے کے عوام کیلئے تو ہیں اور جیسے میری بہن نے کہا کہ خواتین کیلئے تو جو پانی کے منصوبے نہیں، وہ مردوں کیلئے نہیں وہ خواتین بھی اس سے مستفید ہوں گی۔ یا روڈ بنیں گے، پل بنیں گے تو مرد نہیں گزریں گے، یہ Collectively سب تک اس کا جو فروٹ ہے، وہ جاتا ہے۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر جناب سپیکر نے گھنٹی بجائی)

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: پشاور کیلئے Safe city project، وہ بہت بڑی سکیم ہے ہماری، اب یہاں ہم کہیں کہ پشاور کو تیس بتیس بلین کیوں دے دیئے گئے اور میرے شہر کو کیوں نہیں دیا گیا؟ پشاور ایک ہمارا کیپیٹل ہے، (تالیاں) اس کی سیفٹی کیلئے پانچ سو کیمرے لگائے جا رہے ہیں جناب سپیکر، تاکہ اس کیمروں میں کوئی بھی مجرم جو ہے، ان کیمروں کی نظر سے بچ کے نہ جا سکے۔ تو کیا ہم اس پہ اعتراض کریں کہ پشاور کو کیوں یہ ڈیڑھ ارب سیف سٹی پراجیکٹ دیا گیا یا یہاں کیوں ماس ٹرانزٹ دیا جا رہا ہے؟ ایسی بات نہیں ہے، یہ Need basis کا بجٹ ہے، جہاں پہ بھی پانی کی ضرورت ہے، جہاں پہ روڈ کی ضرورت

ہے،اس کو ہم نے Ensure کرنا ہے۔جناب سپیکر،اس میں بلین سونامی ہماری بہت بڑی سکیم ہے ان شاء اللہ، ہم اس میں اپنے سکولوں و کالجوں کے سٹوڈنٹس کو بھی استعمال کریں گے، عوام کو بھی استعمال کریں گے تاکہ ہم اپنے اس صوبے میں جو بلین سونامی ہے،اس کو Ensure کرسکیں اور ہر طرف سرسبز باغات ہوں اور درخت ہوں اور Lush green area ہو اور ان شاءاللہ ہم اس کیلئے بھرپور جدوجہد کریں گے۔آٹے اور گھی میں سبسڈی، کہتے ہیں جی یہ غریبوں کا بجٹ نہیں ہے،اس میں کچھ نہیں رکھا گیا، یہ پہلا بجٹ ہے کہ جس میں جو غریب لوگ ہیں، ان کیلئے ہم نے یہ سبسڈی دی اور پھر کہتے ہیں ٹیکس لگادیئے گئے، تو کیا ٹیکس نہ لگائیں تو غریب کو بھی کچھ نہ دیں، تو کہاں سے ہم بجٹ کو Manage کریں گے ؟۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سو یہ چیزیں ضروری تھیں جو میں نے آپ کے نوٹس میں لانا تھیں۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹائم کا خیال رکھیں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: میں آخر میں تمام ممبران اسمبلی اور آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے Patiently سنا اور میری آپ سے درخواست ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ سب نے باتیں کرنی ہیں، آپ اطمینان رکھیں موقع دیں گے سب کو ان شاءاللہ۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: کہ آپ آج بھی ہم پہ تنقید کریں، کل بھی تنقید کریں، جہاں ہم غلطی کرتے ہیں، ہمیں Right side پہ آپ نے لانا ہے۔ہم آپ کے تعاون کے منتظر ہیں لیکن صرف اور صرف یہ آپ ہمیں ذمہ دار نہ ٹھہرائیں۔ سی ایم صاحب نے یہاں کئی دفعہ کہا کہ آپ اپنے ہسپتالوں کو وزٹ کریں، سکولوں کو وزٹ کریں، کالجوں میں جائیں اور جو آپ کی کمی ہے، وہ ہمیں بتائیں ان شاءاللہ تعالیٰ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: ہماری یہ کمٹمنٹ ہے، ہم اس کو پورا کریں گے۔تھینک یو ویری مچ سر۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ سلیم خان صاحب، سلیم خان صاحب۔یہ مہربانی کریں جب کوئی بھی بات کریں، حوصلے سے سنیں۔ یہ کل جو ہماری ڈیبیٹ ہوئی، بہت اچھی ڈیبیٹ ہوئی ہے، ہم چاہتے ہیں کہ اس قسم کی ڈیبیٹ ہو، کسی کی تقریر میں Interference نہ ہو۔ سلیم خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈووکیٹ: جناب سپیکر صاحب! ہم آپ سے ریکویسٹ یہ کرتے ہیں کہ یہ سارے اٹھ کر دوسرے محکموں کے جواب دیتے ہیں، کوئی ایک کا جواب دے رہا ہے کوئی دوسرے کا، ایجوکیشن والے بھی جواب دے رہے ہیں، ہیلتھ میں تو کم از کم۔۔۔۔

جناب سپیکر: اور دوسرا یہ ہے کہ وقت کا بھی خیال رکھیں کیونکہ سب نے بولنا ہے، تو کوشش کریں کہ وقت کے اندر اندر اپنی تقریر ختم کریں۔ سلیم خان صاحب۔

جناب سلیم خان: شکریہ، شکریہ جناب سپیکر صاحب! آپ نے مجھے ٹائم دیا بجٹ پہ بولنے کیلئے۔ سر! جب بجٹ پیش ہو رہا تھا، جب بجٹ کی تیاری ہو رہی تھی تو لوگ بڑے خوش تھے کہ ہمارے صوبے کا دوسرا بجٹ جو ہے، وہ آرہا ہے۔ اس میں سر، عوام بڑے خوش تھے کہ مہنگائی میں کمی ہوگی، لوڈشیڈنگ میں شاید کمی ہوگی، ملازمین خوش تھے کہ تنخواہوں میں زیادہ اضافہ ہوگا، نوجوان بڑے خوش تھے کہ ملازمتوں کے بڑے مواقع ملیں گے۔ اس طرح کسان بڑے خوش تھے کہ ٹیکس میں انہیں ریلیف ملے گا اور اس طرح ہم ایم پی ایز کہ ہمیں ڈیویلپمنٹ کی سکیمیں ملیں گی، اپنے حلقوں میں کام کریں گے مگر سر! جب بجٹ پیش ہوا تو بہت مایوسی ہوئی، نہ عوام کو کوئی خاص اس میں ریلیف دیا گیا، نہ مہنگائی کو کم کرنے کیلئے کوئی پالیسی بنائی گئی، نہ لوڈشیڈنگ کو کم کرنے کیلئے کوئی پالیسی بنائی گئی، نہ ملازمین کی تنخواہوں میں خاطر خوا اضافہ کیا گیا، دس فیصد اضافہ ہے جو کہ نہ ہونے کی برابر ہے۔ اس طرح جو نوجوان ہیں، ہمارے تعلیم یافتہ نوجوان، ان کیلئے ملازمتوں میں مواقع جو ہیں، وہ صرف چار فیصد ہیں، وہ بھی لوکل گورنمنٹ کے اندر کچھ پوسٹیں ہیں، باقی کی ہمیں کوئی پوزیشن نظر نہیں آرہی ہے۔ اس طرح کسانوں کے ٹیکسوں میں اضافہ کیا گیا۔ اس طرح ایم پی ایز کے حلقوں میں جو ڈیویلپمنٹ کی Proposal تھی، کچھ اضلاع کے علاوہ باقی اضلاع کو جو پسماندہ اضلاع ہیں، ان کو Ignore کیا گیا، بہت افسوس ہوا جب یہ بجٹ ہم نے دیکھا اور نہ صرف ہم بلکہ عوام بڑے ناخوش ہیں، باہر جا کر ہم جب لوگوں سے پوچھتے ہیں تو کہتے ہیں کہ مہنگائی میں اضافہ ہو رہا ہے، ٹیکسوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ جناب سپیکر صاحب! صحت اور تعلیم کے حوالے سکیموں کو جب ہم دیکھتے ہیں تو اس میں جو پرانی سکیمیں ہیں، انہی کو جاری رکھا گیا ہے اور اس طرح سر! بہت افسوس سے مجھے کہنا پڑتا ہے کہ پسماندہ اضلاع کو ترقی دینے کی باتیں ہو رہی ہیں، گزشتہ دو سالوں سے محترم فنانس منسٹر صاحب اپنی تقریر کے اندر کئی دفعہ

یہ کہہ چکے ہیں، میرے محترم چیف منسٹر صاحب خود یہ کہہ چکے ہیں کہ پسماندہ اضلاع کو ترقی دیکر دوسرے اضلاع کے برابر لائیں گے مگر مجھے بہت بہت زیادہ افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ یہاں پر انصاف کی بات ہو رہی ہے، یہاں جو ٹارگٹس رکھے گئے ہیں، بجٹ کیلئے حکومت کی ترجیحات ہیں، اس میں یہ شامل کیا گیا ہے کہ مہنگائی، بے روزگاری اور ناانصافی کے خاتمے کیلئے بہتر خدمات کی فراہمی کیلئے کوشش جاری رکھنا، یہ ساری ترجیحات ہیں حکومت کی مگر افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ جو ترجیحات فکس کی گئی ہیں اس تقریر کے اندر، وہ ہمیں بجٹ کے اندر کہیں نظر نہیں آرہیں، بہت افسوس ہوا۔ جناب سپیکر صاحب، میں اپنے ضلع کی بات کرونگا، بہت پسماندہ ضلع ہے، ہمارا چترال 15 ہزار سکوائر کلومیٹر پر پھیلا ہوا ضلع ہے، اگر دیکھا جائے تو صوبے کا 1/5 حصہ ہے اور بہت افسوس سے مجھے کہنا پڑتا ہے کہ جب ہم اس بجٹ کو اٹھا کر دیکھتے ہیں تو اس کے اندر سر! آپ خود دیکھ سکتے ہیں کہ میرے حلقے میں صرف ایک پراجیکٹ رکھا گیا ہے، وہ بھی ایک پل کی تعمیر ہے صرف پانچ کروڑ سے اور سر! چترال بھی ملاکنڈ ڈویژن کا ایک حصہ ہے اور چترال کے سات اضلاع میں سے ایک ضلع جو ہے چترال ہے میرا، محترم فنانس منسٹر کا تعلق بھی اسی ڈویژن سے ہے، وہ چترال کے کونے کونے سے واقف ہیں مگر افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ ان کو چترال نظر نہیں آیا شاید لواری ٹنل لواری ٹاپ بیچ میں ہونے کی وجہ سے شاید اس کو چترال نہیں نظر آیا ہو گا یا میرے محترم چیف منسٹر کو لواری ٹنل لواری ٹاپ کی وجہ سے چترال نظر نہیں آیا ہو گا اس وجہ سے ہمیں محروم رکھا گیا ہے۔ مجھے یہ بتایا جائے، میں برملا یہ کہتا ہوں کہ مجھے بتایا جائے کہ کیا چترال اس صوبے کا حصہ نہیں ہے، کیا چترال اس ملک کا حصہ نہیں ہے کہ ہمیں اس طرح محروم رکھا گیا ہے؟ ایک ضلع میں 29 ارب روپے کے پراجیکٹس دیئے گئے ہیں، پھر بھی ہمارے ممبران خوش نہیں ہیں اور ایک ضلع میں صرف پانچ کروڑ روپے کی ایک سکیم اس بجٹ کے اندر شامل کی گئی ہے، مجھے بہت افسوس ہوا جناب چیف منسٹر صاحب! میں اتنا مایوس ہوا اس بجٹ کو دیکھ کے کہ جو دعوے تھے حکومت کے کہ پسماندہ اضلاع کو ترقی یافتہ بنائیں گے، یہ بالکل ایک جھوٹ تھا، ایک جھوٹا دعویٰ تھا اور اس کے علاوہ سر! ہمارے چترال میں اس وقت جو صورتحال ہے، ہمارے کچھ منسٹر ایڈوائزر بھی جا چکے ہیں، روڈوں کی حالت جو ہے، کھنڈرات بنے ہوئے ہیں، جو پچھلے سال کا سیلاب آیا تھا، ایک سال گزرنے کے باوجود بھی ہمیں ایک چوانی نہیں ملی، اس روڈوں کی بحالی کیلئے ایک روپیہ بھی نہیں

ملا، وہی روڈ تباہ و برباد ہیں، وہی پل گرے ہوئے ہیں اور شاید پروڈکشن بند ہے، اسی طرح گاؤں ملیامیٹ ہو چکے ہیں، وہی ایری گیشن چینل تباہ و برباد ہیں مگر کسی کو چترال نظر نہیں آیا۔ اگر واقعی چترال اس صوبے کا حصہ نہیں ہے تو ہمیں بتایا جائے، ہمیں وہ راستہ دکھایا جائے کہ چترال اس صوبے کے نقشے میں نہیں ہے، آپ اپنے لئے کوئی اور راستہ ڈھونڈیں۔ اگر چترال اس صوبے کا حصہ ہے تو ہمارے ساتھ یہ زیادتی کیوں ہو رہی ہے، ہمارے لوگوں کے ساتھ زیادتی کیوں ہو رہی ہے؟ اگر میرا تعلق اپوزیشن سے ہے تو چترال کے سارے عوام اپوزیشن میں نہیں ہیں۔ مجھے صرف 12 ہزار ووٹ ملے ہیں، وہاں تو لاکھوں لوگ رہتے ہیں، وہاں کے عوام جو ہیں وہ ہر مصیبت میں پھنسے ہوئے ہیں، کیا میری سزا سارے عوام کو دی جا رہی ہے، کیا یہی انصاف ہے اس حکومت کا کہ ہمارے لوگوں کو ہر دفعہ پیچھے رکھا جا رہا ہے؟ اعلانات کے باوجود، میرے محترم چیف منسٹر نے برملا اعلان کیا تھا کہ لواری ٹنل کو میں تین ارب روپے دونگا، لوگ بڑے خوش تھے اور کورین بھی بڑے شوق سے کام کر رہے تھے مگر وہ تین ارب روپے کا کہیں پتہ بھی نہیں چلا، چاہیے تو یہ تھا کہ حکومت اپنی Contribution کوئی ایک ارب دو ارب چترال کیلئے رکھتی، یہ صوبائی حکومت حالانکہ خان صاحب خود چترال آکر، جب اپنے وزٹ پر آئے تھے عمران صاحب تو وہ خود اعلان فرما گئے تھے کہ لواری ٹنل کو، ان شاءاللہ ہماری حکومت آئیگی لواری ٹنل کو ہم بنائیں گے مگر یہاں پر افسوس سے مجھے کہنا پڑتا ہے کہ لواری ٹنل بھی کسی کو نظر نہیں آیا۔ خدارا یہ ناانصافیاں ختم کریں، خدارا یہ ہمارے ساتھ جو ظلم ہو رہا ہے، اس کو ختم کریں، اگر نہیں ہوا تو Definitely پھر عوام نکلیں گے، سڑکوں پر نکلیں گے اور وہاں پر ایک بغاوت برپا ہوگی اور ہمارے ساتھ جو ظلم ہو رہا ہے، اس کا ازالہ حکومت کرے۔ ہم کس کو چیخیں گے، کس کے سامنے جا کر فریاد کریں گے؟ جب کہیں ہماری نہیں سنی جائیگی تو Definite جو حالات بن رہے ہیں، سا و تھ وزیرستان کے اندر یا بلوچستان کے اندر یا دوسرے اضلاع کے اندر، علاقوں کے اندر وہ صرف Totally اس محرومی کی وجہ سے ہو رہے ہیں اس Ignorance کی جہ سے ہو رہے ہیں تو کیوں ہمیں Ignore کیا جا رہا ہے؟ ہمیں بتایا جائے اور بہت افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ پورے چترال میں صرف ایک بنیٔ ہسپتال کیلئے کچھ پیسے رکھے گئے ہیں، ایک ایون برتج کیلئے کچھ پیسے رکھے گئے ہیں، کیا یہ انصاف ہے؟ سر، میں محترم چیف منسٹر صاحب سے بھی اور محترم فنانس منسٹر صاحب سے بھی Humbly request

کرتاہوں کہ اس بجٹ کو Revise کریں، اس بجٹ کو آپ دیکھیں اور چترال کے جو منصوبے ہیں، جو ہماری ترجیحات ہیں، وہ آپ کے سامنے ہیں۔ پی ٹی آئی کے دوستوں نے بھی دی تھیں چترال کی ترجیحات، وہ بھی آپ کے سامنے ہیں، ڈائریکٹیوز ایشو ہونے کے باوجود وہ شامل نہیں کئے گئے ہیں۔ اس بجٹ میں چیف منسٹر صاحب نے کلاش ویلی کیلئے 50 کلو میٹر روڈ کی تعمیر کیلئے ڈائریکٹیو ایشو کیا تھا مگر وہ بھی اس کے اندر شامل نہیں ہے، گرم چشمہ روڈ کیلئے ڈائریکٹیو مجھے ملا تھا، وہ بھی اس کے اندر شامل نہیں ہے، خدا کیلئے یہ ناانصافیاں یہ بند ہونی چاہئیں اور لوگوں کو ان کا جائز حق، وہ اس حکومت کی ذمہ داری ہے، وہ دے دیں۔ Thank you so much

(تالیاں)

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ میڈم معراج ہمایون۔ اچھا مولانا صاحب، مولانا صاحب بات کریں۔

مولانا لطف الرحمان (قائد حزب اختلاف): بہت بہت شکریہ، جناب سپیکر۔ میں آج ایک افسوسناک واقعہ، ٹانک کے ساتھ ملحقہ علاقے ٹرائبل میں ہمارے سنیئر مولانا صالح محمد شاہ صاحب کے بیٹے کو قتل کردیا گیا ہے، شہید کردیا گیا ہے، یہ انتہائی افسوسناک واقعہ آج صبح ہوا ہے، نامعلوم افراد نے ان کو گولیوں کا نشانہ بنایا تو جناب سپیکر! مسلسل یہ واقعات ہورہے ہیں، جنوبی اضلاع کی طرف جائیں، ہماری تمام سیاسی پارٹیاں بیٹھی ہوئی ہیں، ان کے سیاسی کارکنوں کو، ان کے علاقے کے اہم افراد کو، پارٹیوں کے اہم افراد کو قتل کیا جارہا ہے اور ان کو نشانہ بنایا جارہا ہے۔ ہم بارہا کہہ چکے ہیں، ہم پالیسیوں پر بھی بات کرتے ہیں اور ہماری پالیسیوں کی وجہ سے آج جو ملک کے حالات اور صورتحال بنی ہے، اس کا بھی ہم ذکر کرتے رہتے ہیں لیکن ایک بات ضرور ہے، ہمارے یہاں پر بہت سارے ایم پی ایز بھی ایسے بیٹھے ہوئے جن پر مختلف Timing پر حملے ہوئے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے انکی زندگی بچائی ہے۔ لیکن اگر ہم یہ دیکھیں، ہم تو سیاسی لوگ ہیں، ہم قربانیاں دیتے رہینگے ایک پرامن پاکستان کیلئے اور ہم پرامن پاکستان کی بات کرتے رہینگے اور ہم ان پالیسیوں کی بات کرتے رہینگے جس پر ہمارا پاکستان کامیابی کی طرف جاسکتا ہے، اس کا مستقبل جو ہے پرامن ہوسکتا ہے، اس کا مستقبل روشن ہوسکتا ہے جناب سپیکر! اور ہم اپنی قربانیوں کو ضائع نہیں ہونے دینگے لیکن پھر بھی ہم یہ حکومت سے بھی اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس پر سنجیدگی سے غور ہونا چاہیے کہ جو حالات ہمارے آگے بن رہے ہیں، یہ جواب آپریشن ہے اور اس کے بعد کے واقعات، اس سے جو لوگ متاثر ہونگے، جو آئی ڈی پیز کا

آنا ہے، اس کیلئے کیا ہو رہا ہے اور On the whole اس کا ہمیں جائزہ لینا ہے تاکہ ہم اس طرح کے واقعات کو کس طرح روک سکتے ہیں؟ ورنہ ہم روز یہاں پر بیٹھ کر اسمبلی میں صرف تعزیت ہی کر سکتے ہیں، صرف دعا ہی مانگ سکتے ہیں۔ اگر ہمیں صرف تعزیت اور دعا مانگنی ہے اور ہم نے کچھ نہیں کرنا تو پھر ان حالات کو کوئی روک نہیں سکتا، پھر یہ روز اس طرح کے واقعات ہونگے۔ تو یہ انتہائی زیادتی آج ہوئی ہے اور انتہائی افسوسناک واقعہ ہوا ہے اور یہ آج کا نہیں، روز کوئی نہ کوئی واقعہ ہمارے سامنے آتا ہے۔ تو میں انتہائی افسوس کے ساتھ کہتا ہوں اور اس واقعے کی پرزور مذمت کرتا ہوں کہ اس طرح کے واقعات کو روکا جائے اور ان حالات کا جائزہ لیا جائے۔ بہت بہت شکریہ، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں اس کیلئے فاتحہ بھی کریں، مفتی جانان صاحب! دعا کر لیں جی۔

راجہ فیصل زمان: جناب سپیکر، مجھے اگر موقع دیا جائے۔

جناب سپیکر: جی جی، فیصل صاحب، راجہ فیصل۔

(اس مرحلہ پر فاتحہ خوانی کی گئی)

راجہ فیصل زمان: سر، آپ کی طرف سے کل ہم سب کو ایک میسج موصول ہوا ہے جس میں آپ نے کہا ہے کہ آپ سب لوگ اپنی سیکورٹی کا خیال رکھیں اور غیر ضروری Activities پر نہ جائیں اور میں آپ کے نوٹس میں یہ لانا چاہتا ہوں کہ ہمارے ڈسٹرکٹ ڈی پی او نے مجھے لیٹر لکھا ہے کہ آپ کے پاس کوئی سیکورٹی ہے، وہ واپس لے رہے ہیں کہ آپ Unauthorized ہیں اور آپ ہم سے سیکورٹی لے رہے ہیں تو پھر ہم اپنا خیال خود ہی رکھیں گے، یہ نہیں رکھے گا ہمارا خیال، تو وہ اس لئے میرا یہی سوال تھا، آپ کہتے ہیں خیال رکھیں، وہ ہم سے واپس لے رہے ہیں تو خیال ہم کس طریقے سے رکھیں گے؟ میری آپ سے۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس کے اوپر ابھی دو بجے میٹنگ ہے جس میں تمام پارلیمانی لیڈرز شرکت کرینگے، اس کے اوپر وہاں پوری ڈسکشن ہو گی ان شاءاللہ۔ بس جی، جی سردار حسین صاحب۔

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، مونږ خو ښنگه چې مولانا صاحب خبره او کړه د سنيټر صاحب ځوئې چې نن په هغه باندې حمله شوې ده، مونږ د هغې مذمت کوؤ او سپيکر صاحب! ستاسو به هم په نوټس کښې وی چې پرون نه دا آئی ډي پيز اوس شروع شوی دی او بيا د آئی ډی پيز په يو ګاډې

باندې حمله اوشوه چې په هغې کښې دوه زنانه هم غالباً چې شهيدانې شوې دی او ماشومان غريبانان په دې دومره سخته ګرمئ کښې او سپيکر صاحب، اوس چې زه راتلم، ما ته ميسج اوشو چې په دې ګلبرګ کښې هم په ټارګټ کلنګ کښې يوه زنانه چې ده، نه پوهيږم سينګره وه، ګلوکاره وه، په هغې باندې حمله شوې ده. سپيکر صاحب، مونږ داسې واقعات چې څومره دی، نه صرف د هغې مذمت کوؤ بلکه غوښتنه هم د دې حکومت نه کوؤ اوبيا پرون ما يو Statement اوکتو نو په مابائدې ډيرزيات عجيبه اولګيدو چې عمران خان صاحب د پنجاب د وزيراعلیٰ نه مطالبه کړې ده، وئيل يئ چې ته استعفې ورکړه، ظاهره خبره ده هلته چې کومه افسوسناکه واقعه شوې ده، په دې باندې ټوله دنيا دردمنه ده او بيا عمران خان صاحب سره د خپل وفد هلته ورغلے هم دے او غالباً ډير ښه کار ئې کړے دے ځکه چې عمران خان قومی ليډر دے او زه په دې خبره نه پوهيږم، زه په دې خبره نه پوهيږم چې په دې صوبه کښې د دوئ حکومت دے او روزانه دلته ټارګټ کلنګ کيږی، په دې يو کال کښې ما عمران خان صاحب او نه ليدو چې هغه راغلے دے او يو کور سره ئے ناسته دے د خپل وفد همراه اور هغوی سره ئې تعزيت کړے دے يا په دې غم شريک شوے دے او بيا بل طرف ته د دوئ حکومت وزيران بيا بيا دا خبره کوی چې د سياست نه بالاتر به خبرې کوؤ. مونږ خو د سياست نه بالاتر خبره کوؤ خو که پنجاب کښې واقعه اوشوه، اګرچې ډير ظلم شوے دے ، ظلم ، دې سره هيڅوک اتفاق نه کوی چې دا ښه شوی دی خو دلته ټوله دنيا چې ده، هغه هغې له يو داسې رنګ ورکوی چې مونږ نه پوهيږو چې د هغوی په شا باندې عزائم چې دی او مقاصد چې دی، هغه څه دی؟ نن اخلاقی طور باندې د دوئ حکومت له پکار ده، د دوئ دلته حکومت دے ، دوئ دلته د حکمرانئ دعويدار دی، دا نمائنده حکومت دے د دې صوبې، روزانه بنياد باندې ، ما هغه بله ورځ دلته پوائنټ آؤټ هم کړه چې په دې سوات کښې هغه بله ورځ تير هفته کښې چې کومه واقعه شوې ده چې دا زمونږ د نيشنل يوتھ آرګنائزيشن صدر چې دے ، هغه شهيد شو، بيا د مظفر علی خان چې ما د هغوی نوم واخستو چې دغه نهه کسان شهيدان شوی وو، لسم ئې چې کوم دے ځوئے په ليډی ريډنګ هسپتال کښې پروت دے ، ما دا خبره پوائنټ آؤټ هم کړه او د هغې

باوجود د نن مونږ له دا حکومت کم از کم د دې خبرې جواب راکړی چې آیا دوئ دې هسپتال ته هغه له تپوس له تلی دی؟ سپیکر صاحب، دا بیا په دې باندې نه کیږی چې یو ګوته ته بل ته نیسې دا ځلور خو هغه د پښتو خبره تا ته راځی، مونږ بالکل په دې خبره باندې نه دې حکومت له پیغور ورکوؤ او نه په دې حکومت باندې الزام لګوؤ خو که بل ته ګوته نیسې چې ته استعفیٰ ورکړه نو بیا د دې غاړې نه مونږ د دې خلقو نه هم دا مطالبه کوؤ چې په اخلاقی توګه باندې چې تاسو د خپلو شهیدانو تپوس نشئ کولې، د خپلو مریضانو تپوس نشئ کولې، خپل خلقو له تحفظ نشئ ورکولې، خپل حکومت او خپله صوبه own کولې نشئ، خپل جنګ ته پردے جنګ وایئ او نن چې کوم آئی ډی پیز راروان دی، تاسو سوچ اوکړئ چې په اتهائیس انتیس باندې روژه ده، دا پښتانه خو تباه شو، کورونه خو تباه شو، اقتصادو کښې تباه شو۔ نن تاسو اوګورئ چې د خپلو بچو سره او د زنانو سره مونږ پینځه منټه د دې اے سی نه بهر په دغه ځائې کښې کهلاؤ نشو پاتې کیدې، د ځاروو پشان هغوی په دې ګاډو کښې راچولی دی، نن بیا دا خبره کیږی چې پنځوس کروړ روپۍ که مرکزی حکومت اعلان اوکړو، زه ستائینه کوم خو نن مونږ تپوس کوؤ کنه چې آیا دا پښتانه نه دی، که په انتظامی توګه باندې دا خلق زمونږ د انتظام د لاندې نه راځی، د پشتونولئ د رشتې په بنیاد باندې او د انسانی رشتې په بنیاد باندې خو مونږ د هغه رشتې نظام خلاصولې نشو، پکار دا دی چې دا حکومت چې دے، دا حکومت د یو ارب اعلان اوکړی یا د دوه اربو اعلان اوکړی او مونږ ورسره مرسته کوؤ چې په دې سختو حالاتو کښې که د ډیویلپمنټ فنډ چې دے که هغه فریز کیږی چې هغه فریز شی خو دا نن په دې سختو حالاتو کښې چې دا پښتنو ته کوم مشکلات دی او هغوی دلته را روان دی سپیکر صاحب، بالکل زه دا ګنړم چې وزیر اعلیٰ صاحب حکومت به زما په دې خبره بد نه ګنړی ځکه چې دا سیاست اوس پاتې شوے دے چې نن په دې ټول ملک کښې پاک فوج اعلان کړے دے، حکمرانانو اعلان کړے دے، دا خو نوے حکومت راغلے وو، صوبائی حکومت او مرکزی حکومت دا خواهش وو چې دا مسئله مونږ د مذاکراتو د لاندې حل کوؤ، مونږ ورسره اتفاق اوکړو خو که نن دا حکمرانان دې نتیجې ته رسیدلی دی او دا فوج دې نتیجې ته رسیدلے دے چې

آپریشن نه بغیر د دې مسئلې حل نشته نو بیا دا خبره کول چې زما نه په دې تپوس نه دے شوے ، بیا دا خبره کول چې زما نه رائې نه ده اخستې شوې، مونږ دا ګڼړو چې دا بیا هغه دهشت ګردو له په یو شکل باندې د هغوی مرسته کول دی۔ نن پکار دا ده چې ټول سیاسی ګوندونه، ټول قوم، د دې وطن هره طبقه د دې فوج سره او د دې سیکورټی فورسز سره اودریږی او دا د دې وطن باغیان چې دی چې د هغوی هم باغیان دی، د دې قوم دشمنان دی، قومی دشمنان دی چې دا ټول قوم چې دے ، دا په یو صفحه باندې اودریږی او د دې دشمنانو مونږ مقابله اوکړو۔ دا خو مونږ منو نه، دا ډیر مضبوط او زورآور ریاست دے ، آیا د دې وطن چند خلق چې دی، هغوی په دې ریاست باندې زورآور کیدې شی؟ دا سپیکر صاحب، بالکل نشی کیدې۔ لهذا په دې مسئله باندې ټولو سیاسی جماعتونو له پکار دی چې په یو پیج باندې شی او مونږ د فوج نه هم دا مطالبه کوؤ چې دا آپریشن د ډیر مؤثره شی، دا د ډیر ټارګټډ شی چې په دیکښې بې ګناه خلق چې دی هغوی او نه وجلې شی۔ د هغې وجه دا ده چې په تیر وختونو کښې عام خلقو سوالونه راپورته کول چې داسې آپریشنې به کیدې، خلقو به سوالونه راپورته کول چې دا آپریشنې چې دے مؤثر نه دی، دا ټارګټ نه دی، مونږ به د هغوی نه هم دا مطالبه کوؤ چې دا کوم عدم اعتماد او کوم سوالونه دا قوم راپورته کوی د سیکورټی فورسز په پارټ باندې، پکار دا دی، زمونږ د هغوی په نیت باندې او د هغوی په عمل باندې هیڅ شک نشته، نن ټول قوم ورسره برابر ولاړ دے ، ان شاء الله که خیر وی خو غواړو دا چې دا ټول قوم په یو پیج باندې اودریږی، زه دې ټول قوم له مبارکی درکوم ان شاء الله چې دا په ټوله دنیا کښې نن د دې دهشت ګردو په وجه باندې مونږ بد نام شو، په یو میاشت کښې ان شاء الله د دوئ بیخ کنی کیدې شی۔مهربانی سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ شاہ فرمان خان، وضاحت کیلئے۔

جناب شاہ فرمان (وزیر اطلاعات): شکریہ جناب سپیکر۔ سب سے پہلے تو میں یہ درخواست کرنا چاہوں گا کہ اگر گورنمنٹ کے اوپر ڈیبیٹ ہے تو اگر پارٹی لیڈرشپ کے نام آتے ہیں اور اس کے اوپر Comments آتے ہیں تو یہ بات پھر بہت لمبی چلی جائے گی، اس لئے کہ اگر ہم پارٹی لیڈرشپ کا Analysis کر دیں اور

میں سمجھتا ہوں کہ گورنمنٹ کی طرف سے جناب سپیکر! آج تک میں نے کسی ممبر کی طرف سے کسی کا نام نہیں سنا کہ پارٹی لیڈر کے اوپر کوئی Criticism آئی ہو یا اس کے Analysis میں کوئی بات ہو، اگر ہم بات ادھر سے شروع کریں گے لیکن میں صرف یہی Suggest کر سکتا ہوں کہ اگر ہم ایسا نہ کریں تو شاید ماحول اچھا رہے۔ جو استعفیٰ کی بات ہوئی ہے، وہ حرکت پنجاب پولیس نے کی ہے۔ ویسے بھی بڑے واقعات پنجاب کے اندر ہوئے ہیں، وہاں کے وزیر اعظم کا بیٹا اغواء ہو چکا ہے، وہاں پر گورنر کو قتل کیا گیا ہے، وہاں پر گورنر کا بیٹا ادھر سے اغواء ہو چکا ہے، لیکن ہمیں وہ پتہ ہے کہ اس میں گورنمنٹ کی نیت شامل نہیں ہے اور ان حالات کے اندر پورے ملک کے اندر جو کچھ ہو رہا ہے لیکن اگر خیبر پختونخوا کی پولیس ایسی حرکت کرے اور لوگوں کو Indiscriminately قتل کر دے اور پھر کوئی ڈیمانڈ کرے کہ حکومت استعفیٰ دے تو وہ صحیح ڈیمانڈ ہو گی، لہٰذا ان واقعات اور ان واقعات میں فرق ہے۔ 35 کروڑ روپے آئی ڈی پیز کی مہمان نوازی کیلئے Already صوبائی حکومت اعلان کر چکی ہے اور ہمارے اوپر جیسے بابک صاحب نے کہا کہ ہم مسلمان ہیں اور اس صوبے میں رہتے ہیں، ایک کلچر ہے ہمارا، اگر administratively area different ہے لیکن ہم اس ذمہ داری سے بھاگنے والے نہیں ہیں اور بھی اگر پیسے خرچ ہوں گے تو ان شاء اللہ حکومت اس میں کنجوسی نہیں دکھائے گی۔ ایک بات کہ ہم سے کسی نے پوچھا نہیں، 15 جنوری کو شاید اور نگہت بی بی نے اور اپوزیشن نے ایک ریزولیشن موو کرائی اور ہم نے فیڈرل گورنمنٹ سے ایک ڈیمانڈ کی اور وہ ڈیمانڈ یہی تھی کہ جو مینڈیٹ ملا ہے مذاکرات کے لئے وفاقی حکومت کو، کیا Unanimously سٹیٹس ہے اور یہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ پورا ہاؤس، کوئی گورنمنٹ یا کوئی خاص پولیٹیکل پارٹی نہیں، اس پورے ہاؤس کو ہمیں آخر تک یہ نہیں پتہ چل سکا اور آپریشن کے بارے میں بھی ہمیں میڈیا سے پتہ چلا کہ آپریشن شروع کر رہے ہیں اور اگر پولیٹیکلی ہم ایک پیج کے اوپر نہیں ہیں، Administratively جس صوبے کے اوپر fall out آنا ہے، اگر آئی ڈی پیز نے ادھر آنا ہے، اگر اس حکومت نے جناب سپیکر! ذمہ داری قبول کرنی ہے تو یہ مرکزی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ بتا دے۔ ہمارے پاس فلڈ کیلئے تو انتظامات موجود ہیں کہ ہمیں دو تین دن پہلے پتہ چل جاتا ہے کہ سیلاب یہاں پر پہنچے گا اور آپ انتظام کریں لیکن جو اتنا بڑا فیصلہ حقیقتاً آپریشن کا ہوا ہے، اس کی تیاری کیلئے صوبائی حکومت کو پہلے سے نہیں بتایا گیا اور آپریشن

شروع ہوتے ہی ہمیں پتہ چل گیا، لہذا ہم صوبائی حکومت اس کیلئے تیار ہیں۔ وزیر اعلیٰ صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، Already فنڈ کا اعلان ہو چکا ہے، جو حالات سامنے آئیں گے اسی طرح React کریں گے، ان کو پیسے بھی دیں گے اور ان کی مہمان نوازی بھی کریں گے، ان کی خدمت بھی کریں گے لیکن جناب سپیکر! یہ کہنا کہ اگر ہمیں پتہ نہیں ہے، ریزیلوشن کے تھرو ہم نے پتہ کرایا کہ اگر مذاکرات ناکام ہیں، اگر ناکام ہیں تو وجوہات کیا ہیں؟ اگر یہ پوچھنا ہمارا حق نہیں ہے تو اور کیا ہے؟ اور یہ کہنا کہ ہمیں نہیں بتایا گیا، اس میں حق بجانب ہیں۔ ہمارے ساتھ یہ سارا پراسیس جناب سپیکر! اور ایک فرنٹ لائن پراونس کی حیثیت سے جو ہمارے اوپر اس کے Repercussions ہوں گے، اس حوالے سے ہمارے ساتھ بات نہیں کی گئی۔ ہم پھر بھی یہ کہتے ہیں کہ اگر ہمیں ٹائم پر بتایا جاتا تو اور بھی اچھا ہونا تھا، ہمارے ساتھ وہ Secrets share نہیں کئے گئے۔ میں پھر سے ایک دفعہ پھر سے یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ جہاں تک پارٹی لیڈرشپ کی بات ہے، لیڈرشپ کا جو کردار ہے، لیڈرشپ کا جو Role ہے، اس کے اوپر کوئی بھی بول سکتا ہے، شاید ہمارے ساتھ 250 پوائنٹس ایسے ہوں کہ اگر ہم بولیں لیکن اس سے صرف ماحول کی خرابی کے علاوہ اس کا کوئی نتیجہ نہیں ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ، جی۔

وزیر اطلاعات: ابھی بھی ہم کہتے ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: معراج ہمایون، معراج ہمایون۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر! میں ایک منٹ لوں گا، میں جناب سپیکر! ایک منٹ لوں گا اور وہ یہ کہ جو ڈیمانڈ پنجاب حکومت کی Resignation کی آئی ہے، اگر خیبر پختونخوا کی پولیس یہ حرکت کرے یا خیبر پختونخوا کا، اتحادی جماعتوں کا یا تحریک انصاف کا اگر کوئی 'گلو' پولیس کے سامنے لوگوں کی گاڑیاں توڑ دے تو کوئی بھی حق بجانب ہے کہ ہم سے Resignation ڈیمانڈ کرے۔ شکریہ جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی سکندر خان، سکندر خان۔

